Home Connection

نامناسب صورتحال
کا جواب دینا

عزیز اہل خانہ،

ہماری کلاس اچھے اور برے چھونے کے جواب دینے کے طریقوں کے بارے میں سیکھ رہی ہے۔ کلاس میں ہم نے پیار کے مناسب اور غیر مناسب اظہار کے درمیان فرق کے بارے میں بات چیت کی ۔ ہم نے اس بات پر زور دیا کہ بچے غیرمناسب چھونے کو نا کہنے کے حقدار ہیں اور انہیں جلدازجلد ایسے شخص سے دور چلے جانا چاہیئے۔ ہم نے برے چھونے کے بارے میں کسی بھروسہ مندبالغ، جیسے والدین یا ٹیچر، سے بات کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

نامناسب حالات کا جواب دینے کا ایک اور پہلو نامناسب الیکٹرانک مواصلات جس میں ٹیکسٹ پیغامات اور دیگر آن لائن پیغام رسانی شامل ہے، کو جواب دینے کے بارے میں جاننا ہے۔ بچوں کو یہ سکھایا گیا کہ انہیں سیل فون یا دیگر آلات جیسے آن لائن گیمنگ سسٹم پر کسی بھی نامناسب پیغامات کا جواب نہیں دینا چاہیئے۔ انہیں یہ بھی سکھایا گیا کہ ایسے پیغامات کو مٹانے کے بجائے، کسی بھروسہ مندبالغ کو بتانا چاہیئے۔ اگر بچہ آپکو کسی پیغام کے بارے میں بتاتا ہے، تو پیغام کو محفوظ کرلینا چاہیئے اور مناسب حکام کو رپورٹ کرنی چاہیئے۔

یاد رکھیئے کہ جو بچہ آپکو نامناسب چھونے یا جنسی تشدد کے بارے میں بتائے اسے آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کسی ایسے بچے کو جانتے ہیں جسے غلط انداز میں چھوا گیا ہو یا کوئ جنسی زیادتی کی گئ ہو ، تو فیرفیکس کاؤنٹی چائلڈ پروٹیکٹو سروسز کی ہاٹ لائن،(703) 324-7400 پر رابطہ کریں۔ آپ کسی بھی وقت فون کرسکتے ہیں، دن یا رات۔ چائلڈ پروٹیکٹو سروسز کے سماجی کارکن، جو بچے تشدد کا نشانہ بنے ہیں، کی مدد کرنے کے لیئے تربیت یافتہ ہیں۔

اگر آپ اس سبق کے بارے میں کوئ بھی سوالات کرنا چاہتے ہیں، تو براہ مہربانی مجھ سے بلاجھجک سکول میں رابطہ کریں۔

آپ کا شکریہ،

آپ کے بچے کی/ کا ٹیچر